سٹی اسکریننگ کے ذریعہ ماحولیاتی اشتہارات لگائے جاتے ہیں۔
اسی طرح مشہد مقدس اور دوسرے بڑے شہروں میں بل بورڈز، ڈیجیٹل ڈسپلے اور سٹی ٹیلی ویژن کو مشہد مقدس کے داخلی راستوں بشمول ائیرپورٹ، ریلوے اسٹیشن، ٹرمینل، حرم امام رضا(ع) کی لفٹوں، شہری ڈسپلے سے میٹرو میں استفادہ، مشہد مقدس اور بڑے شہروں میں دیواروں پر پینٹنگز اور حرم امام رضا(ع) کے داخلی راستوں پر ۱۶ معلوماتی بورڈز لگانا اس ماحولیاتی تشہیر کا حصہ ہیں۔

## «فنکارانہ اور میڈیا ایونٹ کی تخلیق»

حرم امام رضا(ع) کا کمیونیکیشن اینڈ میڈیا سنٹر آرٹ کی بے پناہ اور دلکش صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے تصویر، گرافکس، حروف نگاری، فوٹوگرافی، پینٹنگ، موشن گرافکس، ویڈیو پروڈکشن، تھیٹر، ادب، شعر، اسٹریٹ پرفارمنس اور دیگر فنون کی زبان کے ذریعہ محبت، ایثار، قربانی، معافی اور مہربانی جیسے مفاہیم کو دنیا تک پہنچانے میں کامیاب رہا ہے۔
آرٹ فیسٹیول کا انعقاد، فنکاروں کی حمایت، فنکارانہ اور ثقافتی مراکز کا قیام اور میڈیا پروڈکشز میں آرٹ کا استعمال اس ادارے کی آرٹ سے متعلق جملہ سرگرمیاں ہیں۔
۱۴ فن پاروں کی تخلیق کے ساتھ غزہ کی حمایت میں ''من القدس الی القدس'' آرٹ ایونٹ کا انعقاد، حرم امام رضا(ع) کی میزبانی میں دنیا کی سب سے بڑی قرآنی محفل کا انعقاد، اس مقدس دہلیز پر ۵۰۰ فنکاروں کی موجودگی میں قومی ایونٹ ''سفینۃ النجاۃ'' کا انعقاد اور شہر بھر میں خوشیوں کا سماں پیدا کرنے کے لئے ''جشن بزرگ امام رضائی ہا'' میں شرکت وغیرہ جملہ چند موارد ہیں۔

## «قدس کلچرل انسٹیٹوٹ کے توسط سے حرم امام رضا(ع) سے متعلق بحث وگفتگو کی نشر واشاعت»

قدس نیوز کی سابقہ ۳۷ سالہ سرگرمی اور ملکی اخبارات میں پہلے اور چھٹے نمبر پر آنا اور وزارت ثقافت و ارشاد اسلامی کی آخری درجہ بندی کے اعتبار سے جو کہ ۲۰۲۳ میں انجام دی گئی (جس میں اخبار کا درجہ بالترتیب ۲۹ اور ۱۵ تھا) یہ اخبار زیادہ تر حرم امام رضا(ع) کے ترجیحی مسائل سے متعلق جیسے زائر، زیارت، انقلاب اسلامی اور ثقافتی و سماجی مسائل کے بارے میں گفتگو کرتا ہے۔
گذشتہ دو سالوں میں ورچوئل اسپیس کی سرگرمیوں کو بڑھانا قدس کلچرل انسٹیوٹ کا سنجیدہ نقطہ نظر رہا ہے جس کی وجہ سے قدس آن لائن سوشل نیٹ ورکس اور میسجنگ ایپس کے مجموعے میں ملکی اخبارات سے منسلک سب سے مقبول ترین ورچوئل اسپیس میڈیا بن چکا ہے، ورچوئل اسپیس پر نئے میڈیا کی تخلیق جیسے رواق، خط قرمز اور اہالی حرم وغیرہ بھی اسی سلسلے کی کڑی ہے۔
قدس کلچرل انسٹی ٹیوٹ نے کئی سالوں کے جمود کے بعد ۷۰۰ فیصد آمدنی میں اضافہ دیکھا ہے اور ۲۰۲۴ میں حرم امام رضا(ع) کی سبسڈی پر انحصار ۴۷ فیصد سے کم کر کے ۱۹ فیصد کر دیا ہے۔

## «ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ»

حرم امام رضا(ع) کے کمیونیکیشن اینڈ میڈیا سینٹر کی سرگرمیوں کی بنیاد منصوبہ بندی، نگرانی اور تشخیص کے بنیادی ڈھانچے پر ہے جس پر مسلسل میڈیا کے میدان میں عملی تحقیق انجام دی جاتی ہے اس کے علاوہ حرم امام رضا(ع) سے متعلق عوامی امیج کا جائزہ، موضوعی اور مناسبتی میڈیا ضمیموں کی منصوبہ بندی، قواعد و ضوابط اور مسودہ تیار کرنا، ذرائع ابلاغ کی سرگرمیوں کی نگرانی اور جائزہ لینا، حرم امام رضا(ع) کے مختلف حصوں میں تعلقات عامہ کے سیسٹم کو برقرار کرنا اور میڈیا سینٹر میں فعال عملے کو پیشہ ورانہ تربیت دینا شامل ہیں۔

## پانچویں فصل؛ مستقبل کے منصوبے

حرم امام رضا(ع) سے وابستہ مجموعے آستان قدس رضوی میں مواصلاتی اور میڈیا سرگرمیوں کی موجودہ صورتحال کا جائزہ لینے اور کمزور نکات اور منصوبوں کی اہم ترین حکمت عملیوں کی نشاندہی کے بعد اس میڈیا سینٹر کی سرگرمیوں کو جاری رکھنے کے لئے درج ذیل کلیدی حکمت عملیوں اور منصوبوں پر غور کیا گیا ہے۔